بسمِ اللہ الرحمن الرحیم

# ایوانِ تجارت وصنعت ملتان

## ایوانِ تجارت و صنعت ملتان کی جنرل باڈی کے سالانہ اِجلاس عام منعقدہ مورخہ 28-09-2024 کی روئیداد

ایوانِ تجارت و صنعت ملتان کی جنرل باڈی کا سالانہ اِجلاس عام آج مورخہ 28-09-2024 بروز جمعرات بوقت 04:30 بجے شام زیرِ صدارت جناب میاں راشد اقبال صاحب، صدر ایوان بمقام دفتر ایوان واقع شاہراہِ ایوان تجارت و صنعت ملتان میں منعقد ہوا اور درج ذیل کاروائی عمل میں لائی گئی۔ اراکین جن کے اسمائے گرامی رجسٹر حاضری میں درج ہیں نے اجلاس میں شمولیت کی:-

| نمبرشمار | ایجنڈا | کاروائی اجلاس |
|---|---|---|
| 1. | آغاز اجلاس۔ | اجلاس کی کاروائی کا آغاز تلاوتِ کلامِ پاک سے ہوا۔ تلاوت جناب محمد رمضان بھٹہ صاحب نے فرمائی۔ |
| 2. | توثیق کاروائی گذشتہ اجلاس عام جنرل باڈی ایوان مورخہ 30-09-2023 | گذشتہ اجلاس عام جنرل باڈی ایوان منعقدہ مورخہ 30-09-2023 کی کاروائی جو کہ ایوان کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کی گئی تھی کی بااتفاق رائے توثیق کی گئی۔ |
| 3. | سبکدوش ہونے والی مجلس عاملہ کی کارکردگی رپورٹ بابت سال 2022-24 ازطرف جناب میاں راشد اقبال صاحب صدر ایوان تجارت وصنعت ملتان۔ | سیکرٹری جنرل محمد شفیق نے جناب میاں راشد اقبال صاحب سے گزارش کی کہ وہ اپنی سالانہ کارکردگی رپورٹ ایوان میں پیش کریں۔ میاں راشد اقبال صاحب نے مجلس عاملہ کی کارگزاری کی سالانہ منسلکہ رپورٹ پڑھ کر سنائی جس کی نقول اراکین میں تقسیم کی گئیں۔ایوان نے میاں راشد اقبال صاحب، جناب ندیم احمد شیخ صاحب اور جناب عاصم سعید شیخ صاحب کی دوران سال کارکردگی کو سراہا کہ انہوں نے اپنا کردار بطور صدر، سینئر نائب صدر اور نائب صدر ایوان پوری ذمہ داری سے نبھایا۔ ان کی قیادت میں دوران سال ملکی وغیر ملکی شخصیات ایوان میں تشریف لائیں جن کے ساتھ بالمشافہ ملاقاتیں ہوئیں اور تجارت وصنعت سے وابستہ مسائل زیر بحث لائے گئے اور وہ ان کے حل کیلئے سرگرم عمل رہے انہوں نے چیدہ چیدہ منصوبوں کا تفصیلی ذکر بھی کیا۔ میاں راشد اقبال صاحب نے خطاب کرتے ہوئے کہا گزشتہ دوسالوں میں پاکستان میں کاروباری حالات مزید ابتر ہوئے اور ملکی برآمدات میں بھی خاطر خواہ کمی ہوئی جس کی بنیادی وجہ وطنِ عزیز میں غیر مستحکم سیاسی صورتحال، ڈالر کی قیمت میں ہوشربا اضافہ، بجلی گیس کی قیمتوں میں اضافہ اور سیلاب کی تباہ کاریوں کی وجہ سے کاروباری وتاجر برادری شدید متاثر ہوئی۔ کاروبار اور صنعتوں کی تیزی سے بندش کی وجہ سے بے روزگاری میں شدید اضافہ ہوا ہے اور ملکی معاشی صورتحال بے حد تشویشناک ہے۔ ہماری ٹیم کو بھی بہت سے چیلنجز کا سامنا کرنا پڑا، تاہم میں نے اور میری ٹیم نے جس قدر محنت اور ایمانداری سے ان چیلنجز سے نمٹنے کیلئے اور خطہ کی صنعتی،معاشی اور زرعی ترقی کیلئے کوشش کی اس کے منصف اس ایوان کے معزز ممبران ہیں۔ آخر میں انہوں نے کہا میں مقامی پرنٹ والیکٹرانک میڈیا کے تمام دوستوں کا شکرگزار ہوں جنہوں نے ہماری کاوشوں کو اپنے اخبارات میں نمایاں جگہ دی اور ہمارے پیغام کو ہر خاص وعام تک پہنچانے میں ہمارے معاون ثابت ہوئے۔ |

| نمبر شمار | ایجنڈا | کاروائی اجلاس |
|---|---|---|
| | | انہوں نے مزید کہا کہ میں اپنی پوری ٹیم، مجلس عاملہ کے اراکین کے ساتھ ساتھ جناب ندیم احمد شیخ صاحب سینئر نائب صدر اور جناب عاصم سعید شیخ صاحب نائب صدر کا خصوصی طور پر مشکور ہوں جن کا دوران سال مجھے بھر پور تعاون حاصل رہا۔ انہوں نے اپنے فرائض منصبی نہائیت احسن طریقے سے ادا کیئے اور میرے کام کو آسان بنایا۔ میں کامل یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ میں نے بطور صدر اپنے فرائض منصبی انتہائی دیانتداری اور ایمانداری سے مقدور بھر ادا کرنے کی بھر پور سعی کی۔ میں اپنے سینئر ممبران، سابق صدور، ممبران ایگزیکٹو کمیٹی اور ایوان کے دیگر تمام اراکین کا بھی بے حد مشکور ہوں کہ انہوں نے میری کاوشوں کو کامیاب بنانے میں اپنا بھر پور کردار ادا کیا۔ |
| 4. | آڈٹ شدہ گوشوارہ جات حساب کتاب بابت سال 2023-24 کی منظوری۔ | سیکرٹری جنرل محمد شفیق صاحب نے جنرل باڈی کے اراکین کو بتایا کہ حساب کتاب ایوان کا آڈٹ شدہ گوشوارہ جات و آڈٹ رپورٹ بابت سال 2023-24 جس کی منظوری مجلس عاملہ کے اراکین نے کر دی ہے اور اسے ایوان کی ویب سائٹ پر تمام اراکین کے ملاحظہ اور ڈاؤن لوڈ کیلئے اپ لوڈ کر دیا گیا ہے اور اس کی ایک کاپی ایوان کے نوٹس بورڈ پر بھی آویزاں کی جا چکی ہے اس کی منظوری دی جائے۔ جنرل باڈی ایوان نے متفقہ طور پر آڈٹ شدہ گوشوارہ جات حساب کتاب ایوان بابت سال 2023-24 کی منظوری دی۔ |
| 5. | فائنل الیکشن رزلٹ برائے سال 2024-26 منتخب شدہ عہدیداران و اراکین مجلس عاملہ کے ناموں کا اعلان و چارج سنبھالنا۔ | سیکرٹری جنرل ایوان محمد شفیق صاحب نے جناب سید افتخار علی شاہ صاحب، ممبر الیکشن کمیشن ایوان تجارت وصنعت ملتان کو دعوت دی کہ وہ برائے سال 2024-26 کیلئے مجلس عاملہ کے منتخب شدہ عہدیداران و اراکین مجلس عاملہ کے ناموں کا اعلان کریں۔ جناب سید افتخار علی شاہ صاحب نے کہا کہ میں بطور ممبر الیکشن کمیشن ایوانِ تجارت وصنعت ملتان آپ تمام خواتین و حضرات اور مقامی پریس و الیکٹرانک میڈیا کا شکر گذار ہوں کہ آپ نے اپنی مصروفیات میں سے وقت نکال کر آج ایوان کے سالانہ اجلاس عام میں شرکت کی۔ الحمدللہ ایوان تجارت وصنعت ملتان نے ٹریڈ آرگنائزیشن ایکٹ 2013 کے تحت الیکشن شیڈول کے مطابق تمام مراحل بخوبی طے کر لئے ہیں۔<br>لہٰذا میں ایوان کے الیکشن بابت سال 2024-26 کیلئے ایوان کے منتخب شدہ عہدیداروں و اراکین مجلس عاملہ کے ناموں کا باضابطہ اعلان کرتا ہوں:-<br><br>جناب میاں بختاور تنویر شیخ صاحب (صدر)<br>جناب خواجہ محمد محسن مسعود صاحب (سینئر نائب صدر)<br>جناب محمد اظہر جاوید خان صاحب (نائب صدر) |

| نمبر شمار | ایجنڈا | کاروائی اجلاس |
| --- | --- | --- |

## اراکین مجلس عاملہ

**کارپوریٹ کلاس**

1. جناب مجید اللہ خان صاحب
2. جناب خواجہ محمد محسن مسعود صاحب
3. جناب میاں ادریس احمد شیخ صاحب
4. جناب وسیم اختر صاحب
5. جناب محمد سرفراز صاحب
6. جناب محمد طارق خان صاحب
7. جناب محمد اظہر جاوید خان صاحب
8. جناب عامر علی خان صاحب
9. جناب شیخ محمد یٰسین صاحب
10. جناب ارشد اقبال شیخ صاحب
11. جناب محمد الطاف شاہد صاحب
12. جناب خواجہ ذوالفقار علی صدیقی صاحب
13. محترمہ حنا اشتیاق صاحبہ

**ایسوسی ایٹ کلاس**

1. جناب میاں بختاور تنویر شیخ صاحب
2. جناب رجب حسین صاحب
3. جناب خواجہ محمد ارشد صاحب
4. جناب شیخ ظفر حسین صاحب
5. جناب محمد عارف صاحب
6. جناب شیخ فیصل سعید صاحب
7. جناب ظفر اقبال صدیقی صاحب
8. جناب رضا عمار صاحب
9. جناب عمار یاسر خواجہ صاحب
10. جناب ابرار احمد صاحب
11. جناب شیخ محمد امجد صاحب
12. جناب رمضان بھٹہ صاحب
13. محترمہ ارم اقبال صاحبہ

اس اعلان کے ساتھ ہی سیکرٹری جنرل ایوان نے ایوان کے نئے عہدیداروں کو چارج سنبھالنے کی دعوت دی اور نئے عہدیداران نے سبکدوش ہونے والے عہدیداروں کے ساتھ اپنی اپنی نشستیں تبدیل کیں۔ اس طرح اجلاس کی باقی کاروائی جناب میاں بختاور تنویر شیخ صاحب کی زیر صدارت جاری رہی۔

جناب میاں بختاور تنویر شیخ صاحب نے ایوان سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ رب العزت کا بے حد احسان ہے کہ اس نے مجھے اس ایوان کے صدر کی اہم اور عظیم ذمہ داری سونپی ہے۔ میری اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ مجھے اس اہم ذمہ داری سے بطریق احسن عہدہ براء ہونے کی توفیق عطاء فرمائے (آمین)۔

| نمبر شمار | ایجنڈا | کاروائی اجلاس |
|---|---|---|
| | | انہوں نے کہا کہ میں مجلس عاملہ کے اراکین کے علاوہ ایوان تجارت وصنعت ملتان کی جنرل باڈی، سینئر اراکین اور سابق صدور صاحبان کا شکر گذار ہوں جن کے اعتماد کی وجہ سے میں ایوان تجارت وصنعت ملتان کے عہدہ صدارت پر فائز ہوا۔ ہماری ٹیم خطہ کی معاشی وسماجی ترقی کے ساتھ ساتھ کاروباری حالات میں بہتری کیلئے بھرپور کوشش کرے گی اوراس ضمن میں باہمی مشاورت اورسینئرز کی رہنمائی حاصل کرکے آگے بڑھیں گے۔ ہم پوری کوشش کریں گے کہ اس خطہ کی کاروباری برادری کو درپیش مسائل کے حل کیلئے بھی سرگرم عمل ہوں اورارباب اختیار تک کاروباری برادری کی آواز کو پہنچایا جائے اوران کے مسائل کو حل کرایا جائے۔ ایوان کی سابقہ ٹیم نے میاں راشد اقبال صاحب کی زیر قیادت بہترین امور سرانجام دیئے اورمناسب حکمت عملی کے ساتھ اپنی ذمہ داری نبھائی ہے۔انشاءاللہ ہماری ٹیم بھی خطہ کی کاروباری برادری کی نمائندگی بھرپور انداز میں کرے گی اورارباب اختیار تک کاروباری برادری کی آواز پہنچائیں گے انہوں نے کہا کہ ہم ایز آف ڈوئنگ بزنس کے لیے کام کریں گے اورحکومت سے لائز آن بڑھائیں گے۔<br><br>خاص طور پر ٹیکس قوانین میں تبدیلی اورکاروباری برادری کے لیے آسان ٹیکسیشن کی بھرپور کوشش کریں گے جبکہ جنوبی پنجاب کو بہترین صوبہ بنانے کے لیے انفرا سٹرکچر اکنا مک اور انڈسٹریل ڈویلپمنٹ پر بھی کام کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ ایوان کی سبکدوش ہونیوالی ٹیم نے میاں راشد اقبال صاحب کی قیادت میں بہترین امور سرانجام دیئے اورمناسب حکمت عملی کے ساتھ ذمہ داری نبھائی خاص طور پر سی ایس آر سرگرمیوں کو بھرپور انداز میں سرانجام دیا انشاءاللہ ہم بھی سی ایس آر کی سرگرمیوں کو جاری رکھیں گے۔ |
| 6. | بابت سال 2024-25 کیلئے آڈیٹرز کا تقرر اوران کی سالانہ آڈٹ فیس مقرر کرنے پر غور وخوض۔ | جنرل باڈی ایوان کے اراکین کو بتایا گیا کہ بابت سال 2024-25 کیلئے ایوان کا آڈیٹر مقرر کرنے کیلئے ایک ہی تحریری درخواست میسرز شائن ونگ حمید چوہدری اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کی طرف سے موصول ہوئی ہے لہٰذا اس کی منظوری دی جائے جس پر جنرل باڈی ایوان نے متفقہ طور پر شائن ونگ حمید چوہدری اینڈ کمپنی چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس کو بابت سال 2024-25 کیلئے ایوان کا آڈیٹر مقرر کرنے کی منظوری دی۔ |
| 7. | اورکوئی معاملہ بہ اجازت صاحب صدر۔ | سیکرٹری جنرل ایوان محمد شفیق صاحب نے جنرل باڈی کے اراکین کو بتایا کہ ہر سال ایوان کے نومنتخب عہدیداران اپنی طرف سے ایوان کے نارمل فنڈ میں Contribution جمع کراتے ہیں۔ اس سال بھی ایوان کے نومنتخب صدر جناب میاں بختاور تنویر شیخ صاحب نے مبلغ 3 لاکھ روپے، سینئر نائب صدر جناب محسن خواجہ صاحب نے مبلغ 2 لاکھ روپے اورنائب صدر جناب محمد اظہر بلوچ صاحب نے مبلغ ایک لاکھ روپے ایوان کے نارمل فنڈ میں جمع کرادیئے ہیں۔ جنرل باڈی کے اراکین نے نومنتخب صدر، سینئر نائب صدر اورنائب صدر کے اس اقدام کو سراہا۔ |

| نمبر شمار | ایجنڈا | کاروائی اجلاس |
|---|---|---|
| | | اب کیونکہ اور کوئی معاملہ برائے غور نہیں تھا لہٰذا سالانہ اجلاس عام کی کاروائی صاحب صدر کے شکریہ کے ساتھ اختتام پزیر ہوئی۔ |
| | مورخہ 28 ستمبر 2024ء | صدر |